# LA BARN LEVE I FRED

22. OKTOBER 2023
Redd Barna
TV-AKSJONEN NRK

**Til elever og foresatte!**
TV-aksjonen NRK 2023:

## TV-aksjonen NRK میں حصہ لیں!

بچوں اور بڑوں کو TV-aksjonen NRK میں حصہ لینے کے لئے دعوت دی جا رہی ہے-TV-aksjonen NRK رقم جمع کرنے کے مقصد سے منعقد ہونے والی سالانہ تقریب ہے جسے 1974 سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ ہر سال ناروے ایک اہم مقصد کے لئے پیسے جمع کرتا ہے اور شاہی خاندان سے لے کر اسکول اور کاروبار تک، کئی لوگ حصہ لیتے ہیں۔ ہر سال اکتوبر میں، 100،000 بچے اور بچے اتوار کے روز چندہ مانگنے کے لئے اپنے محلوں میں لوگوں کے دروازے کھٹکٹاتے ہیں - یہ لوگ چندہ جمع کرنے والے ہیں۔ کچھ لوگ پیسوں کا انتظام کرنے کے لئے کیک فروخت کرتے ہیں یا کانسرٹ کرواتے ہیں۔

اس سال چندہ جمع کرنے والے 22 اکتوبر کو گھر گھر جائیں گے۔

جمع کی جانے والی رقم جنگ اور تصادم سے متاثرہ بچوں کے حوالے سے Save the Children کے کام کے لئے استعمال کی جائے گی۔ دنیا میں ہر چھ میں سے ایک بچہ جنگ اور تصادم کے ماحول میں بڑا ہو رہا ہے اور بے گھر ہونے والوں کی تعداد ماضی میں کبھی بھی اتنی زیادہ نہیں تھی۔ ہم مل کر 100،000 بچوں کو کھیلنے، سیکھنے، اور امن کی زندگی گزارنے میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔ جمع کی گئی رقم خاندانوں، اسکولوں اور کمیونٹیوں کو بچوں کے لئے محفوظ بنائے گی۔ یہ رقم یوکرین، شام، بنگلہ دیش، جنوبی سوڈان، جمہوری جمہوریہ کانگو، اور ناروے میں منعقد ہونے والے پراجیکٹس کے لئے استعمال کی جائے گی۔ ناروے میں ہم جنگ اور تصادم سے فرار ہونے والے بچوں کی مدد کریں گے۔

بچے اس سال کے موضوع کے متعلق TV-aksjonen کے تعلیمی پروگرام کے ذریعے سیکھ سکتے ہیں، جو tvaksjonen.no اور salaby.no پر مفت دستیاب ہے۔

یہ پڑھنے کے لئے کہ آپ اور آپ کے گھر والے TV-aksjonen NRK میں کس طرح حصہ لے سکتے ہیں، tvaksjonen.no پر تشریف لے جائیں۔